اسلام آباد یونائیٹڈ نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کراچی کنگز کو ہرا کر پلے آف مرحلے کی دوڑ سے باہر کر دیا

لاہور،14 فروری2022ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے اکیسویں میچ میں اسلام آباد یونائیٹڈ نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کراچی کنگز کو محض ایک اسکور سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے پلے آف مرحلے سے باہر کر دیا ہے۔ کراچی کنگز کی یہ ایونٹ میں مسلسل ساتویں شکست ہے۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں عماد وسیم اور قاسم اکرم کی 108 رنز کی عمدہ شراکت بھی کراچی کنگز کو ٹورنامنٹ میں پہلی کامیابی نہ دلا سکی۔ اسلام آباد یونائیٹڈ نے میچ میں چار قیمتی کیچز بھی چھوڑے۔

192 رنز کے تعاقب میں کراچی کنگز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 190 رنز ہی بنا سکی۔ آخری اوور میں جیت کے لیے کراچی کنگز کو محض 8 رنز درکار تھے تاہم وقاص مقصود نے صرف 6 رنز دے کر اپنی ٹیم کو فتح دلادی۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں اوپنر شرجیل خان کے 29 گیندوں پر 44 رنز کی جارحانہ اننگز کے باوجود کراچی کنگز کی آدھی ٹیم 80 کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس لوٹ چکی تھی۔ کپتان بابر اعظم 13، جو کلارک صفر، صاحبزادہ فرحان 17 اور محمد نبی 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

ایسے میں تجربہ کار آلراؤنڈر عماد وسیم نے نوجوان بیٹر قاسم اکرم کے ہمراہ 108 رنز کی عمدہ شراکت قائم کی تاہم وہ بھی اپنی ٹیم کو فتح نہ دلا سکے۔ عماد وسیم نے 28 گیندوں پر 6 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 196 کے اسٹرائیک ریٹ سے 55 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔

قاسم اکرم 26 گیندوں پر 51 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

وقاص مقصود نے تین جبکہ آصف علی نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

کراچی کنگز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو اسلام آباد یونائیٹڈ کا کوئی بھی بیٹر لمبی اننگز تو نہ کھیل سکا تاہم انہوں نے چھوٹی چھوٹی شراکت داریوں کی بدولت مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 191 رنز بنائے۔

کپتان شاداب خان 34 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ فہیم اشرف نے ناقابل شکست 29 اور آصف علی نے 28 رنز اسکور کیے۔

عماد وسیم نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4